© rasailojaraid.com



جائے گا۔

زیرِ نظر کتابچہ میں اس امر کو بھی مدلل بیان کیا گیا ہے کہ قرونِ اُولیٰ کی طرح اسلام آج بھی حیاتِ انسانی کے تمام بگاڑ کو دور کر کے اس کے جملہ مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ نیز مغربی دنیا ترقی کے جن ثمرات سے آج مالا مال ہے یہ بھی دراصل اُسی انقلاب کے اثرات ہیں جو علمی دنیا میں اسلام لایا تھا۔ ہماری رائے میں یہ ایک نہایت مفید رسالہ ہے۔ اور جدید تعلیم سے بہرہ ور نوجوانوں کو اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

---

**پاکستانی ثقافت و وطنیت کے چند پہلو** — تالیف: فضل احمد کریم فضلی۔ شائع کردہ: مکتبۂ ملی، پوسٹ بکس نمبر ۵۰۲۸، کراچی نمبر ۲۔ صفحات ۵۰۔ قیمت درج نہیں۔

اس کتابچے میں فاضل مصنف نے جو اس ملک کی جانی پہچانی علمی شخصیت ہیں، پاکستانی ثقافت و وطنیت کی روحانی اور دینی اساس پر بحث کی ہے اور بتایا ہے کہ اس اساس کے علاوہ کوئی دوسری اساس ایسی نہیں جو پاکستانی وطنیت کو استحکام عطا کر سکے۔ آخر میں مصنف نے اُن عناصر کی بھی نشاندہی کی ہے جو پاکستان کی اس اساس کو تباہ کرنے پر تُلے ہوئے ہیں۔

© rasailojaraid.com